# حقوق اور فرائض

## بچوں کے حقوق اور فرائض

ہالٹن چلڈرنز ایڈ سوسائٹی (ہالٹن سی اے ایس) کا پہلا کام بچوں کے حقوق کا تحفظ کرنا ہے۔
ان میں درج ذیل حقوق شامل ہیں:

- غفلت اور جسمانی، جنسی یا جذباتی زیادتی سے پاک زندگی گزارنا؛
- رہنے کا مناسب ٹھکانہ، مناسب خوراک اور لباس؛
- باقاعدہ نگرانی؛
- ایسی پرورش جو مثبت ذاتی ترقی کی حوصلہ افزائی کرے؛
- ضروری طبی اور دانتوں کا علاج؛ اور
- ان کی پرورش ، ان کو جاننا اور خاندان کے افراد کے ساتھ ان کے تعلقات استوار رہنا سوائے اس کے کہ ہالٹن سی اے ایس اور فیملی کورٹ کو یہ پتہ چل جائے کہ یہ بچہ کے لیے نقصان دہ ہے۔

بڑی عمر کے بچوں کو اس وقت اپنی بات سنائی جانے کا حق حاصل ہے جب ان کے تحفظ سے متعلق معاملات پر تبادلہ خیال اور فیصلہ کیا جا رہا ہو۔

## بچوں کی ذمہ داریاں

- دوسروں کے حقوق کا احترام کرنا اور ان اصولوں پر عمل کرنا جو اپنے اور دوسروں کے لیے صحت مند نشوونما اور حفاظت کو فروغ دیتے ہیں۔
- سکول جانا.
- اپنی اشیا اور دوسروں سے متعلق چیزوں کا خیال رکھنا۔
- (سب کا) احترام کرنا۔

| |
|---|
| **کسی بچے کا بدسلوکی یا نظر اندازی سے آزاد زندگی گزارنے کا حق، والدین کے اس حق سے زیادہ اہم ہے کہ وہ اپنی مرضی کے مطابق ان کی پرورش کریں۔** |

## والدین کے حقوق و فرائض

والدین کے بھی حقوق ہیں۔ ان میں د رج ذیل حقوق شامل ہیں:

- احترام کا برتاؤ کیا جانا؛
- نجی، قانونی نمائندگی؛
- بچوں کی امدادی (چلڈرنز ایڈ ) سوسائٹی کی شمولیت کے بارہ میں ان کو سمجھایا جانا؛
- اگر وہ محسوس کریں کہ ان کے حقوق کا احترام نہیں کیا گیا ہے تو شکایت کرنا ؛ اور
- رازداری۔

## دالدین کی ذمہ داریاں

- اپنے بچوں کے لیے صحت مند انہ خوراک، کپڑے اور محفوظ رہائش فراہم کرنا۔
- گھر سے باہر رہنے والے نوعمروں (16 سال تک) سمیت اپنے بچوں کے لیے نگرانی فراہم کرنا۔ والدین کو یہ جاننے کے لیے تمام کوششیں کرنا ضروری ہے کہ ان کے نوعمر بچے کہاں ہیں نیز یہ یقینی بناناکہ وہ محفوظ ہیں۔
- اپنے بچوں کو طبی اور/یا دانتوں کی دیکھ بھال کی ضرورت پڑنے کی صورت میں ان کی فراہمی یقینی بنانا۔
- اپنے بچوں کو کسی دوسرے فرد سے بشمول ان کے ساتھی کے، ممکنہ جسمانی، جنسی یا جذباتی نقصان سے بچانا۔
- اپنے بچوں کو بڑوں کے مابین ہونے والے تشدد کاممکنہ نشانہ بننے سے بچانا۔

## ہالٹن چلڈرنز ایڈ سوسائٹی کی ذمہ داریاں

چائلڈ، یوتھ اینڈ فیملی سروسز ایکٹ (سی وائی ایف ایس اے) ، ہالٹن سی اے ایس کو بچوں کو نظر انداز کرنے اور بدسلوکی سے بچانے کی ذمہ داری اور اختیار دیتا ہے نیز یہ کہ وہ تمام فون پر اور کھولے جانے والے دیگر کیسز (معاملات ) پر صوبائی ریکارڈ رکھے۔ ہم والدین اور خاندانوں کا احترام کرتے ہوئے بچوں کے حقوق کا تحفظ کرتے ہیں۔ بچوں کی حفاظت کی خدمات کے حوالہ سے تمام معلومات بچوں کے حفاظتی صوبائی ڈیٹا بیسز۔ چائلڈ پروٹیکشن انفارمیشن نیٹ ورک (سی پی آئی این) اور فاسٹ ٹریک پر ڈالی جاتی ہیں۔ قانون کے مطابق، ہالٹن سی اے ایس کوچاہئے کہ وہ:

- بچوں/نوجوانوں کی حفاظت اور بہبود کے بارہ میں خدمات سے متعلق موصول شدہ فون کالوں کی چھان بین کرے ؛
- کسی بچہ/نوجوان کو ممکنہ طور پر پہنچنے والے نقصان کے خطرہ کے بارہ میں فیصلے کرنے کے لیے بچوں، والدین، دیکھ بھال کرنے والوں اور خاندان کے ساتھ شامل دیگر افراد سے بات کرے۔
- اگر قانون کی کسی خلاف ورزی کا امکان ہو تو پولیس کو رپورٹ کرے، مثلاً، کسی بالغ کے ذریعہ سزا یا غفلت کے نتیجہ میں ایک بچہ/نوجوان زخمی ہوا ہے ؛ اور
- کسی بچہ/نوجوان کو ممکنہ نقصان سے بچانے کے لیے ضروری اقدامات کرے۔ اکثر ،ایسا بچوں کو گھر ہی میں رہنے دیتے ہوئے بھی کیا جا سکتا ہے۔ بعض اوقات اس میں بچہ/نوجوان کو عارضی طور پر دور کے رشتہ دار خاندان کے ساتھ رکھنا یا والدین کے ساتھ رضاکارانہ معاہدہ کرنا شامل ہو سکتا ہے کہ بچوں کو ایک مخصوص وقت کے لیے دیکھ بھال میں رکھا جائے۔

اگر ایسا کوئی اہم خطرہ موجود ہو جس سے ایک بچہ/نوجوان کو محفوظ نہ رکھا جا سکتاہو ، تو ہالٹن سی اے ایس کو اس معاملہ کو فیملی کورٹ میں لے جانا چاہیے جہاں ایک جج فیصلہ کرے گا کہ کون سا منصوبہ ان کے بہترین مفاد میں ہے۔
ہالٹن سی اے ایس جب بھی ممکن ہو کم سے کم مداخلت کرنے والی کارروائی کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ ہم یقین رکھتے ہیں کہ یہ بچوں/نوجوانوں کے بہترین مفاد میں ہے کہ وہ اپنے والدین کے ساتھ رہیں جب تک کہ ان کی حفاظت کے لیے بہت زیادہ خطرہ نہ سمجھا جائے۔

## آپ کو اپنے خدشات پر آواز اٹھانے کا حق حاصل ہے

اگر آپ کو ہالٹن سی اے ایس کے بارہ میں کوئی شکایت ہے، تو آپ کو بروقت اور شائستہ طریقہ سے، ا سے نمٹائے جانے کا حق حاصل ہے۔

1. سب سے پہلے، اپنے کارکن سے اس معاملہ پر بات کریں۔
2. اگر مسئلہ باقی رہتا ہے، تو اپنے کارکن کے سپروائزر سے رابطہ کریں۔
3. اگر مسئلہ حل نہیں ہوتا ہے، تو اپنی شکایت تحریری طور پر ہالٹن سی اے ایس کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر کو بھیجیں۔
4. تحریری طور پر موصول ہونے کے بعد، ہالٹن سی اے ایس ، سات دنوں کے اندر، آپ کو بتائے گا کہ آیا آپ کی شکایت کا جائزہ لیا جائے گا ،اور آپ کے لیے اندرونی شکایات کے جائزہ (انٹرنل کم پلینٹس ری ویو) پینل سے ملاقات کے لیے ایک تاریخ/وقت مقرر کیا جائے گا۔ یہ میٹنگ 14 دنوں کے اندر ہو گی۔
اور/یا
5. اپنی شکایت براہ راست چائلڈ اینڈ فیملی سروسز ریویو بورڈ (سی ایف ایس آر بی ) میں جمع کروائیں۔ یہ ایک خودمختار بورڈ ہے جو بچوں کی امدادی سوسائٹیوں (چلڈرنز ایڈ سوسائٹیز ) کے ذریعہ کیے گئے کچھ اقدامات اور فیصلوں کا جائزہ لینے کا ذمہ دار ہے۔ اگر آپ اس عمل کے بارہ میں مزید معلومات چاہتے ہیں تو اپنے کارکن سے پوچھیں ، یا www.children.gov.on.ca پر جائیں۔
6. آخر میں، اگر آپ کی تشویش غیر حل شدہ رہتی ہے، تو معاملہ سی ایف ایس آر بی کو جمع کروایاجا سکتا ہے۔ درخواست فارم ہالٹن سی اے ایس سے حاصل کیا جا سکتا ہے یا www.children.gov.on.caپر دستیاب ہے۔

| |
|---|
| یاد رکھیں- آپ کے کارکن کا کام بچوں کی حفاظت کرنا، والدین کو اپنے بچوں کو پہنچنے والے نقصان کے کسی بھی خطرے کو کم کرنے میں مدد کرنا اور خاندان میں مسائل کو حل کرنے میں مدد کرنا ہے۔ زیادہ تر مسائل اپنے کارکن سے بات کر کے حل کیے جا سکتے ہیں۔ |

**اگر آپ کو کوئی تشویش ہے یا مدد کی ضرورت ہے تو ہمیں فون کریں**


**ہالٹن چلڈرنز ایڈ سوسائٹی**

ٹی: **905-333-4441 | ایف : 1844 -333-905**

ٹول فری: **1-866-607-KIDS ( 5437)**

**www.HaltonCAS.ca**